09-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا حیدرآباد شہر میں جوبلی ہلز چیک پوسٹ سے این ایف سی ایل جنکشن تک ٹریفک کے دباؤ کے مستقل حل کیلئے 4.3 کلومیٹر طویل جامع اسٹیل فلائی اوور تعمیر کیا جائے گا۔

۲۔ تلنگانہ سرکل کے چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ڈی ایس وی آر مورتی نے بتایا کہ جاریہ مالی سال کے دوران ریاست کی دیہی آبادی کے 25 فیصد حصہ کو ڈاک کی مالی خدمات کے دائرہ میں لانے اور بچت کے 10 فیصد لین دین کو ڈیجیٹل بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر آئی ٹی، ڈی سری دھر بابو نے واضح کیا کہ حیدرآباد کو عالمی سرمایہ کاری اور تکنیکی اختراعات کے مرکز کے طور پر ترقی دیتے ہوئے ایک عالمی سطح کے گلوبل کانفیڈنس سنٹر میں تبدیل کرنا حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔

۴۔ بی آر ایس قائد ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست میں 33 اضلاع قائم کرکے انہیں ترقی کے مراکز میں تبدیل کرنے کا سہرا سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے سر جاتا ہے۔

اور

۵۔ ہائیڈرا کمشنر رنگناتھ نے کہا کہ حیدرآباد شہر میں ناجائز قبضوں کا شکار آبی ذخائر کا تحفظ ہائیڈرا کا بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے آبی ذخائر اور ماحول کے تحفظ کیلئے ہر فرد سے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔

CCMB

ماہر ماحولیات ایکالبھیا شرما نے واضح کیا کہ ماحول کے تحفظ اور بحالی میں مقامی عوام کی شراکت داری انتہائی اہم ہے۔ حیدرآباد کے سنٹر فار سیلولر اینڈ مالیکیولر بائیولوجی (سی سی ایم بی) میں ماحول کے تحفظ کے

مقصد سے ’EcoRes2026‘ کے عنوان سے ایک روزہ قومی ورکشاپ کا انعقاد عمل میں آیا۔ CSIR-NEERI کے حیدرآباد ریجنل سنٹر کے زیر اہتمام منعقدہ اس پروگرام میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے اے شرما نے حیدرآباد میں خستہ حال تالابوں اور آبی ذخائر کی بحالی کے لئے کی جانے والی کوششوں کی خصوصی ستائش کی۔اس موقع پر سی ایس آئی آر۔آئی آئی سی ٹی کے ڈائرکٹر سرینواس ریڈی نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ کے لئے صرف آلودگی پر قابو پانا کافی نہیں ہے بلکہ صنعتوں کو ماحول دوست ٹکنالوجی اپنانے کی سمت میں قدم بڑھانا چاہیے۔حیدرآباد کے ہائیڈرا کمشنر اے وی رنگناتھ نے کہا کہ شہر میں ناجائز قبضوں کا شکار ہونے والے آبی ذخائر کا تحفظ ہائیڈرا کا بنیادی مقصد ہے۔

PTC - HYD

KBR Park – Minister Ponnam Prabhakar

حیدرآباد کے کے بی آر پارک کے اطراف ون وے ٹریفک نظام کا ریاستی وزیر اور ضلع انچارج پونم پربھاکر نے جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن اور حیدرآباد کلکٹر پرینکا الہ کے ہمراہ معائنہ کیا۔اس موقع پر وزیر پونم پربھاکر نے بتایا کہ جوبلی ہلز چیک پوسٹ سے این ایف سی ایل جنکشن تک ٹریفک کے ہجوم کے مستقل حل کے لئے ایک ہزار 90 کروڑ روپے کی تخمینی لاگت سے 4.3 کلومیٹر طویل، 6 لین پر مشتمل جامع اسٹیل فلائی اوور تعمیر کیا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کو انجینئرنگ، پروکیورمنٹ اینڈ کنسٹرکشن طریقہ کار کے تحت دو پیکیجز میں تقسیم کر کے انجام دیا جائے گا۔وزیر نے کہا کہ کے بی آر پارک کے ماحولیاتی تحفظ کو ترجیح دیتے ہوئے درختوں کو کسی قسم کا نقصان پہنچائے بغیر ماڈیولر اسٹیل ٹیکنالوجی کے ذریعہ تعمیراتی کاموں میں تیزی لائی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ پہلے تجویز کردہ الگ الگ انڈر پاسز کے بجائے اس جامع ٹریفک کوریڈور کی تعمیر سے خانگی اراضی کے حصول اور تعمیراتی اخراجات میں مجموعی طور پر تقریباً 1,200 کروڑ روپے تک کی بچت ہوگی۔

Desk

Siddipet – Harish Rao

بی آر ایس قائد اور سدی پیٹ کے رکن اسمبلی ٹی ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست میں 33 اضلاع قائم کر کے انہیں ترقی کے مراکز میں تبدیل کرنے کا سہرا سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سدی پیٹ کو ضلع بنانے کا عوام کا کئی دہائیوں پرانا خواب چندر شیکھر راؤ نے پورا کیا۔ سدی پیٹ ضلع کے قیام کی دسویں سالگرہ کی تقریبات کے سلسلہ میں سرکاری ڈگری کالج کے میدان میں منعقدہ 10K رن کو ہریش راؤ نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ بعد ازاں انہوں نے رنگا دھام پلی میں واقع یادگارِ شہداء پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ سدی پیٹ کو ضلع بنانے کے ساتھ ساتھ ریلوے لائن کی سہولت اور گوداوری کے پانی کی فراہمی، عوام کی تین دہائیوں پرانی خواہشات تھیں، جنہیں پورا کیا گیا۔

PTC Siddipet

Jangaon – Job Vacancies

جنگاؤں ضلع کے ویمن امپاورمنٹ سنٹر میں 'مشن شکتی' کے تحت 6 ملازمتوں اور چائلڈ ہیلپ لائن میں 'مشن واتسلیہ' کے تحت 8 جائیدادوں پر تقررات کے لئے اہل امیدواروں سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے بتایا کہ یہ تقررات کنٹریکٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔ انہوں نے خواہش مند امیدواروں کو ہدایت دی کہ وہ جاریہ ماہ کی 14 تاریخ کو شام 5 بجے تک جنگاؤں کلکٹریٹ کے اِن ورڈ سیکشن میں اپنی درخواستیں داخل کریں۔ ضلع کلکٹر نے مزید بتایا کہ تعلیمی قابلیت، نصاب اور درخواست فارم سمیت دیگر تفصیلات کے لئے امیدوار کلکٹریٹ کے نوٹس بورڈ کا مشاہدہ کریں۔

PTC-Jangaon

Sircilla – Postal Day

عالمی یومِ ڈاک کے موقع پر راجنا سرسلہ ضلع بھر میں محکمہ ڈاک کی جانب سے مختلف پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔ ضلع کے پوسٹل سب ڈویژن کے پوسٹل انسپکٹر جی وینو نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محکمہ ڈاک کی جانب سے فراہم کی جانے والی خدمات سے بھرپور استفادہ کریں۔

Sound Byte: Gajjela Venu

PTC Sircilla

Bhuvanagiri – Distribution of House Site Pattas

یادادری بھونگیر ضلع کے یادگیری گٹہ منڈل میں داتر پلی گاؤں کے قریب ریاستی حکومت کے وہپ اور آلیر کے رکن اسمبلی بی ایلیا نے بسواپور ریزروائر کے متاثرین میں اراضی کے پٹے تقسیم کئے۔ ریزروائر کی تعمیر کے دوران اپنی اراضیات سے محروم لپ پا نائک تانڈہ کے متاثرین کو بازآبادکاری فراہم کرنے کے حصہ کے طور پر اس پروگرام کا انعقاد عمل میں آیا۔

PTC Yadadri Bhuvanagiri

Jangaon – Collector

جنگاؤں ضلع کے سرکاری اور امداد یافتہ اسکولوں اور جونیر کالجوں میں چھٹی سے بارہویں جماعت تک زیر تعلیم طلبہ میں صحت، غذائیت اور ذہنی فلاح و بہبود کے تعلق سے شعور بیدار کرنے کے لئے صحت سے متعلق پروگرامس کو مؤثر انداز میں نافذ کیا جائے۔ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا نے عہدیداروں کو یہ ہدایت دی۔ ضلع کلکٹر نے آج کلکٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کے دوران پروگرام پر عمل آوری کا جائزہ لیا اور عہدیداروں کو ضروری ہدایات دیں۔

PTC Jangaon

Nalgonda – RTI

حق اطلاعات کے تحت معلومات ازخود عام کرنے کے معاملہ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نلگنڈہ ضلع نے ریاست بھر میں پہلا مقام حاصل کیا ہے۔اس کامیابی کے اعتراف میں ضلع کلکٹر بی چندر شیکھر کو ریاستی سطح کے 'بہترین کلکٹر' ایوارڈ کے لئے منتخب کیا گیا ہے۔اس موقع پر ضلع کے عہدیداروں، ملازمین اور حق اطلاعات کے اسوسی ایشنس کے نمائندوں نے خوشی کا اظہار کیا۔

PTC Nalgonda

Mulugu SP

ملوگو ضلع کے ایس پی سدھیر رام ناتھ کیکن نے واضح کیا کہ سڑک حادثات پر قابو پانے کی ذمہ داری پولیس کے ساتھ ساتھ عوام پر بھی عائد ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ضلع میں ریت کی لاریوں کی تیز رفتار ڈرائیونگ، لاپرواہی سے گاڑیاں چلانے اور سڑکوں پر غیر قانونی پارکنگ جیسی خلاف ورزیوں پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ایس پی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سڑکوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔

PTC-Mulugu Dist

Sircilla - Poshan Maah

راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال نے مشورہ دیا کہ 5 سال سے کم عمر بچوں میں نشوونما کی کمی محسوس ہونے پر قریبی آنگن واڑی مرکز کے عملہ کو مطلع کیا جائے۔ ویملواڑہ میں منعقدہ 9ویں پوشن ماہ کی اختتامی تقریب میں کلکٹر گریما اگروال نے سرکاری وہپ اور مقامی رکن اسمبلی آدی سرینواس کے ہمراہ شرکت کی۔اس موقع پر اجتماعی طور پر حاملہ خواتین کی گودبھرائی کی رسم اور بچوں کی پہلی غذا کھلانے کی تقریب منعقد کی گئی۔اس موقع پر ضلع کلکٹر نے خطاب کیا۔

PTC, Rajanna Sircilla

Karimnagar - Buses

کریم نگر ریجنل منیجر بی راجو نے بتایا کہ بتکما اور دسہرہ تہوار کے پیش نظر آر ٹی سی کی جانب سے خصوصی بسیں چلائی جارہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ کریم نگر ریجن میں آج سے جاریہ ماہ کی 19 تاریخ تک کریم نگر سے 1,175 اضافی بس سروسز چلائی جائیں گی۔اسی طرح واپسی کے سفر کیلئے رواں ماہ کی 21 سے 26 تاریخ تک 1,250 خصوصی بسیں دستیاب رہیں گی۔ریجنل منیجر بی راجو نے یہ تفصیلات آکاش وانی کو بتائی۔

Sound Byte: Regional Manager B. Raju

PTC-Karimnagar

Hyderabad Cricket Match

حیدرآباد کرکٹ اسوسی ایشن کے سکریٹری جیون ریڈی نے بتایا کہ جاریہ ماہ کی 14 تاریخ کو حیدرآباد کے اُپل اسٹیڈیم میں ہندوستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان چوتھے ٹی 20 میچ کیلئے وسیع پیمانے پر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میچ کے لئے مجموعی طور پر 34 ہزار ٹکٹ فروخت کے لئے دستیاب رکھے گئے ہیں۔ٹکٹ کی کم ازکم قیمت 750 روپے جبکہ زیادہ سے زیادہ قیمت 20 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔جیون ریڈی نے کہا کہ ٹکٹوں کی بلیک مارکیٹنگ روکنے کے لئے 'ٹکٹ جینی' ایپ کے ذریعہ آن لائن کیوآر کوڈ سسٹم کے تحت ٹکٹ فراہم کئے جارہے ہیں۔انہوں نے اعلان کیا کہ اس میچ کے لئے 2,500 اسکولی طلبہ اور مزید 250 ہندوستانی فوجی اہلکاروں کو مفت ٹکٹ مختص کئے گئے ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ میچ کے روز رات ایک بجے تک میٹرو ریل خدمات جاری رکھنے کے لئے میٹرو انتظامیہ سے درخواست کی گئی ہے۔

Desk

CM's Condolences

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی نے ممتاز ادیب اور ہمہ جہت شخصیت آچاریہ مدی گونڈا شیوا پرساد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادبی دنیا میں ناول نگار، مؤرخ، محقق، نقاد اور مضمون نگار کی حیثیت سے آچاریہ مدی گونڈا شیوا پرساد کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔انہوں نے یاد دلایا کہ تلگو قارئین میں اپنی تاریخ، ثقافت اور روایات کے تئیں دلچسپی پیدا کرنے میں شیوا پرساد نے نمایاں کردار ادا کیا۔ چیف منسٹر نے سوگوار خاندان کے افراد، مداحوں اور ادبی رفقا سے تعزیت کا اظہار بھی کیا۔

Desk

Sridhar Babu

تلنگانہ کے وزیر آئی ٹی و صنعتیں ڈی سری دھر بابو نے واضح کیا کہ حیدرآباد کو عالمی سرمایہ کاری اور تکنیکی اختراعات کے مرکز کے طور پر ترقی دیتے ہوئے ایک عالمی معیار کے ’گلوبل کانفیڈنس سنٹر‘ میں تبدیل کرنا حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی سطح کی کمپنیوں کو تلنگانہ سے اپنی سرگرمیوں کو وسعت دینے اور نئی اختراعات انجام دینے کے لئے درکار بنیادی سہولتیں، باصلاحیت انسانی وسائل اور مضبوط تکنیکی نظام ریاست میں دستیاب ہیں۔ریاستی وزیر نے آج حیدرآباد میں عالمی ڈیجیٹل بینکنگ پلیٹ فارم ’بیاک بیس‘ کے نئے دفتر کا افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یقین دلایا کہ ریاست میں آئی ٹی صنعت کی توسیع اور نئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

Desk

Telangana Postal - Conclusion

تلنگانہ سرکل چیف پوسٹ ماسٹر جنرل ڈی ایس وی آر مورتی نے بتایا کہ عالمی یومِ ڈاک کے موقع پر آج سے جاریہ ماہ کی 15 تاریخ تک قومی ڈاک ہفتہ منایا جا رہا ہے۔ حیدرآباد کے ڈاک سدن میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سال ''ایک ڈاک نیٹ ورک، لامحدود امکانات'' کے موضوع کے تحت مختلف پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے انڈیا پوسٹ ایک جدید اور عوامی ضروریات پر مرکوز خدمات فراہم کرنے والا ادارہ بن رہا ہے۔ آئی آئی ٹی حیدرآباد اور اسرو کے این آر ایس سی کے اشتراک سے تیار کردہ ڈیجیٹل پوسٹل انڈیکس نمبر (DIGIPIN) کے ذریعہ جیو کوڈ پر مبنی پتے کے نظام کو متعارف کراتے ہوئے ڈیجیٹل انقلاب کی شروعات کی گئی ہے۔ ڈی ایس وی آر مورتی نے بتایا کہ ریاست میں 14 پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندروں کے ذریعے ہزاروں افراد کو خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں ڈاک بچت کھاتوں کی تعداد ایک کروڑ 7 لاکھ ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مالی سال 27-2026 کے اختتام تک دیہی آبادی کے 25 فیصد حصے کو ڈاک کی مالی خدمات کے دائرے میں لانے اور بچت کے کم از کم 10 فیصد لین دین کو ڈیجیٹل بنانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

MSM

Kishan Reddy

مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے ہندوستانی نژاد جنوبی افریقی جج نونیتم پلائی کو سال 2026 کے نوبل امن انعام کے لیے منتخب کیے جانے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں انسانی حقوق، بنیادی انسانی وقار اور قیامِ امن کے لئے خدمات انجام دینے والی نونیتم پلائی کا نوبل امن انعام کے لئے انتخاب ہندوستانیوں اور دنیا بھر میں مقیم ہندوستانی نژاد افراد کے لئے باعث فخر ہے۔

Desk

OO